**30.01.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکا شوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

............................................................................

☆ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس کل صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب سے شروع ہوگا۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، اقتصادی سروے پیش کریں گی۔

☆ سرکار نے اجلاس سے پہلے تمام پارٹیوں کی میٹنگ کی اور پارلیمنٹ کو خوش اسلوبی سے چلانے کو یقینی بنانے کیلئے تمام پارٹیوں کی حمایت مانگی کی ہے۔

☆ دلّی میں انتخابی مہم عروج پر پہنچ گئی ہے اور سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنما کئی ریلیاں اور روڈ شو کر رہے ہیں۔

☆ جنگ بندی سمجھوتے کے تحت تیسرے دور میں افراتفری کے دوران غزہ میں مزید یرغمالیوں کو رہا کیا ہے۔ اسرائیل نے انتشار سے دوچار حوالگی کے بعد قیدیوں کی رہائی موخر کردی ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، کدامبی سری کانت اور شنکر سبرامنین بینکاک میں تھائی لینڈ ماسٹرز کے مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Fur. Rev Par Budget Session***

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس کل سے شروع ہوگا۔ بجٹ اجلاس کا آغاز پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کے ساتھ ہوگا۔

پیش ہے ایک رپورٹ..................

VC- Anupam Mishra

صدر جمہوریہ کے خطاب کے بعد جب راجیہ سبھا اور لوک سبھا، دونوں مختصر وقفے کے لئے یکجا ہوں گے، تب مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اقتصادی سروے پیش کریں گی۔ وزیر خزانہ ہفتے کے روز مرکزی بجٹ 2025-26 پیش کریں گی۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں پیر کے روز صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر بحث ہوگی۔ اس دوران مالیاتی بل 2025، وقف ترمیمی بل 2024، امیگریشن اور غیر ملکیوں سے متعلق بل 2025، بینکنگ قوانین ترمیمی بل 2024 اور ریلویز ترمیمی بل 2024 جیسے 16 بلوں کو بحث اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔ بجٹ اجلاس

کا پہلا حصہ کل سے شروع ہوگا، جو 13 فروری تک جاری رہے گا۔ بجٹ اجلاس کا دوسرا حصہ 10 مارچ سے شروع ہوگا اور 4 اپریل 2025 کو اختتام پذیر ہوگا۔

دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے قبل پارلیمنٹ ہاؤس احاطے میں آج ایک کُل جماعتی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ میٹنگ کے دوران حکومت نے پارلیمنٹ اجلاس کو خوش اسلوبی کے ساتھ چلانے کیلئے سبھی سیاسی جماعتوں سے تعاون کی درخواست کی۔ میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ 16 بل اور 19 کام کاج پہلے سے ہی ایوان کی فہرست میں شامل ہیں۔

2100- Kiren Rijiju

اس دوران کانگریس کے رکن پارلیمنٹ پرمود تیواری نے کہا کہ اُن کی پارٹی، بے روزگاری، مہنگائی اور آئین سے متعلق معاملات کو پارلیمنٹ میں اٹھائے گی۔ انہوں مہا کمبھ واقعے پر تشویش کا بھی اظہار کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ وقت ترمیمی بل پر بنی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی رپورٹ کو عجلت میں منظور کیا گیا۔ اسی طرح کے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے سماجوادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ پروفیسر رام گوپال یادو نے کہا کہ کُل جماعتی میٹنگ کے دوران مہنگائی، بے روزگاری اور مہا کمبھ میں پیش آئے دردناک سانحے جیسے موضوعات اٹھائے گئے۔ وزیر دفاع اور لوک سبھا میں ڈپٹی لیڈر راج ناتھ سنگھ، وزیر صحت اور راجیہ سبھا میں ایوان کے رہنما جے پی نڈا، کانگریس رکن پارلیمنٹ جے رام رمیش اور گورو گگوئی، ترنمول کانگریس کے رکن پارلیمنٹ سُدیپ بندیو پادھیائے، سماجوادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ رام گوپال یادو اور دیگر رہنماؤں نے میٹنگ میں شرکت کی۔ x

## Budget Expectation Education

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، ہفتے کو مالی سال 26-2025 کیلئے مرکزی بجٹ پیش کرنے والی ہیں۔ امید ہے کہ بجٹ میں موجودہ گھریلو اور عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے سرکار کی اقتصادی ترجیحات اور مالی حکمت عملی کا نظریہ پیش کیا جائے گا۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے حفظانِ صحت کے شعبے میں کام کرنے والے فارما کو وِجیلنس سائنسداں ڈاکٹر Mayank Virmani نے مرکزی بجٹ سے اپنی توقعات کا اظہار کیا ہے۔

S/B Dr Mayank Virmani

## Delhi Campaign

70 ممبران پر مشتمل دلّی اسمبلی کیلئے انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے۔ اہم سیاسی پارٹیوں کے رہنما اپنے اپنے پارٹی امیدواروں کیلئے ووٹ حاصل کرنے کی غرض سے عوامی جلسے، روڈ شوز اور ریلیاں کر رہے ہیں۔ سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج روہنی اور وزیرپور علاقوں میں عوامی میٹنگوں سے خطاب کیا۔ جناب شاہ نے وعدہ کیا کہ اگر BJP اقتدار میں آتی ہے تو شہر کی خواتین کو ڈھائی ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ سبھی حاملہ خواتین کو 21 ہزار روپے ملیں گے اور دلّی کے شہریوں کو 500 روپے میں LPG سلینڈر فراہم کئے

جائیں گے۔ جناب شاہ نے عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کجریوال کو، الیکشن جیتنے کیلئے یمنا ندی کو زہرآلود کرنے سے متعلق مبینہ الزامات کا بھی قصوروار قرار دیا۔ انھوں نے شہر میں صفائی ستھرائی کے معاملے پر بھی جناب کجریوال سے سوال کیا۔

S/B Amit Shah

کرشنا نگر میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے BJP صدر جے پی نڈّا نے الزام لگایا کہ عام آدمی پارٹی نے پچھلے دس سالوں میں افراتفری پھیلانے کے علاوہ کچھ نہیں کیا۔ انھوں نے کہا کہ پارٹی نے مرکزی سرکار کی کسی بھی اسکیم سے فائدہ نہیں اٹھایا اور دلّی کے عوام کو گمراہ کیا۔سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے یمنا ندی میں آلودگی، مبینہ شراب گھوٹالہ سمیت کئی معاملوں پر جناب کجریوال کی نکتہ چینی کی۔ بادلی علاقے میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب گاندھی نے عآپ کنوینر پر اپنے دورِ اقتدار میں بدعنوانی میں ملوث ہونے کا بھی الزام لگایا۔

S/B Rahul Gandhi

اِسی دوران عآپ کنوینر اروند کجریوال نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی BJP کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے تاکہ اسمبلی انتخابات میں اُن کی پارٹی کو ہرایا جائے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کانگریس ورکروں سے اپیل کی کہ وہ کانگریس پارٹی کیلئے ووٹ نہ کریں اور دعویٰ کیا کہ کانگریس، BJP کے ساتھ مل کر کام کر رہی۔

S/B Arvind Kejriwal

سینئر عآپ لیڈر اور پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت مان نے بھی دلّی میں کئی عوامی جلسوں سے خطاب کیا اور روڈ شو کئے۔ Amritpuri علاقے میں پارٹی امیدوار اور دلّی کی وزیراعلیٰ آتشی کے ساتھ اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مان نے کہا کہ عآپ نے انتخابات کے دوران کئے گئے سارے وعدے پورے کئے ہیں۔انھوں نے مفت بجلی، مفت پانی اور اسکول اور اسپتالوں کے بہتر بنیادی ڈھانچے کی بھی مثالیں پیش کیں۔ BJP، کانگریس اور عام آدمی پارٹی کے دوسرے کئی اہم رہنما، شہر کے مختلف علاقوں میں سرگرم انتخابی مہم چلا رہے ہیں۔x-

## MAAN Complaint

انتخابی افسران کی ایک ٹیم آج شام قومی راجدھانی میں واقع پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت مان کی سرکاری رہائش گاہ پہنچ گئی ہے۔ اس ٹیم کو نقد رقم کی مبینہ تقسیم سے متعلق شکایت موصول ہوئی تھی۔ موقع پر موجود ایک افسر نے میڈیا کو بتایا کہ نقد رقم کی تقسیم سے متعلق یہ شکایت، انتخابی کمیشن کے سی وِجل ایپ پر موصول ہوئی۔

جس کے بعد فلائنگ اسکواڈ کی ٹیم جانچ کیلئے پہنچی۔ اس دوران، انتخابی کمیشن نے وضاحت کی ہے کہ اس نے اس طرح کی کسی بھی کارروائی کا حکم نہیں دیا ہے اور یہ معاملہ سی وِجل ایپ پر کی گئی شکایت سے متعلق ہے۔ سرکاری ذرائع نے مزید کہا کہ انتخابی کمیشن جانچ ایجنسیوں کے کام میں مداخلت نہیں کرتا ہے۔

## Shah Gujarat Criminal Law Meet

مرکزی وزیر داخلہ اور امداد باہمی کے وزیر امت شاہ نے آج نئی دلّی میں ایک میٹنگ کی صدارت کی، جس

میں گجرات میں تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں گجرات میں پولیس، جیل، عدالتوں، مقدمہ اور فورینسک سے متعلق مختلف نئی شقوں کی موجودہ صورتحال اور اُن کے نفاذ کا جائزہ لیا گیا۔ جناب شاہ نے اجاگر کیا کہ تین نئے فوجداری قوانین کی روح FIR داخل کرنے کے بعد تین سال کے اندر انصاف دلانے کی شق میں موجود ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ گجرات سرکار کو چاہئے کہ وہ 30 اپریل 2025 تک تمام کمشنریوں میں نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کو یقینی بنائے اور جلد از جلد ریاست بھر میں بھی اِس کو نافذ کرے۔x

## *NHRC Delhi Deaths*

انسانی حقوق کے قومی کمیشن نے سردی کے موسم کے دوران، دلّی میں پچھلے 56 دونوں کی مدت کے دوران 474 بے گھر لوگوں کی اموات کے معاملے پر از خود نوٹس لیا ہے۔کمیشن نے چیف سکریٹری اور دلّی پولیس کمشنر کو نوٹس جاری کئے ہیں اور ایک ہفتے کے اندر اس معاملے پر تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کو کہا ہے۔

رپورٹس کے مطابق یہ اموات 15 دسمبر 2024 سے 10 جنوری 2025 کے دوران، موسم کے لحاظ سے ضروری اقدامات جیسے گرم کپڑے، کمبل اور مناسب پناہ گاہ کے فقدان کے باعث ہوئی ہیں۔x

## *Mahakumbh Judicial Commission*

اترپردیش کے چیف سکریٹری منوج کمار سنگھ اور DGP پرشانت کمار نے آج پریاگ راج کے مہاکنبھ میں سنگم گھاٹ کا دورہ کیا اور کل ہوئے حادثے کی جگہ کا معائنہ کیا۔ اِس حادثے میں 30 لوگ ہلاک ہوگئے تھے۔ انھوں نے سوروپ رانی نہرو اسپتال کا بھی دورہ کیا جہاں زخمیوں کا علاج چل رہا ہے۔ یہ المناک حادثہ کل سنگم کے نزدیک اکھاڑا روٹ پر ہوا تھا۔ دورے کے دوران، انھوں نے صورتحال کا جائزہ لیا اور سکیورٹی انتظامات کی نظرثانی کی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC Dependra/Aman

مہا کمبھ حادثے کی وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے اترپردیش حکومت کے ذریعہ قائم کردہ تین رکنی عدالتی کمیشن، کل سنگم گھاٹ کا دورہ بھی کرے گا۔ کمیشن، حادثے کے وقت کی صورتحال اور اسباب کی جانچ کرے گا اور مستقبل میں ایسے حادثات کی روک تھام کیلئے ضروری اقامات کی سفارش کرے گا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے عدالتی پینل کے سربراہ ہرش کمار نے کہا کہ کمیشن، تمام معاملے پر نظرثانی کرے گا اور حکومت کو اپنی رپورٹ پیش کرے گا۔

S/B: Hursh Kumar

اترپردیش حکومت نے کہا ہے کہ آئندہ 3 فروری کو وسنت پنچمی کے موقع پر امرت اسنان کے دوران VIP کے نقل وحمل کی اجازت نہیں ہوگی۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے مہا کمبھ کے ڈی آئی جی Vaibhav کرشنا نے کہا کہ میلے خطے میں بھیڑ کے بندوبست کیلئے سیکورٹی فورسز پوری طرح مستعد ہیں۔

S/B: Viabhav Krishna

دنیا کے سب سے بڑے مذہبی اجتماع کے طور پر تسلیم کئے جانے والے مہا کمبھ میلے کا آغاز، 13 جنوری کو ہوا تھا اور اس میں اب تک 29 کروڑ سے زیادہ عقیدتمند ڈُبکی لگا چکے ہیں۔ x

## Odisha Kumbh Bus Services

اوڈیشہ حکومت نے اترپردیش کے پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میلے کیلئے اپنی بس خدمات 4 فروری تک معطل کر دی ہیں۔ یہ فیصلہ، پریاگ راج میں عقیدتمندوں کی زبردست بھیڑ کی وجہ سے کسی ناخوشگوار واقعے کو ٹالنے کیلئے لیا گیا۔ اڈیشہ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن، OSRTC، بارہ جنوری سے اڈیشہ سے پریاگ راج کے درمیان 8 بسیں چلا رہی تھیں۔ اِن بس خدمات کو 26 فروری تک جاری رکھنے کا منصوبہ تھا۔ x

## R Day Awards

دفاع کے وزیرِمملکت سنجے سیٹھ نے آج دلّی کے راشٹریہ رَنگ شالہ کیمپ میں 2025 کے یومِ جمہوریہ پریڈ کے بہترین مارچنگ دستوں اور جھانکی کو ایوارڈ سے سرفراز کیا۔ جموں وکشمیر رائفلز کے دستے نے سروسز میں بہترین مارچنگ دستے کا ایوارڈ حاصل کیا۔ مرکزی مسلح پولیس فورسز میں سے دلّی پولیس مارچنگ دستے کو بہترین مارچنگ دستے کا ایوارڈ دیا گیا۔ اترپردیش، تریپورہ اور آندھراپردیش کی جھانکیاں، بہترین تین جھانکیوں میں سے تھیں۔

وزارت دفاع نے کہا ہے کہ سروسز اور مرکزی مسلح پولیس فورسز کے مارچنگ دستوں کی کارکردگی اور مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیرِانتظام علاقوں کی جھانکیوں کے جائزے کیلئے ججوں کے تین پینل بنائے گئے تھے۔x

## Kumaraswami Vishakhapatanam Steel Plant

اسٹیل کے مرکزی وزیر ایچ ڈی کمارا سوامی نے آج وشاکھاپٹنم اسٹیل پلانٹ کا دورہ کیا۔ اسٹیل پلانٹ کی بحالی کیلئے مرکزی کابینہ کی طرف سے 11 ہزار 440 کروڑ روپئے کی منظوری کے بعد انھوں نے یہ دورہ کیا ہے۔ مرکزی وزیر نے پلانٹ کا معائنہ کیا اور تمام ملازمین کو مرکزی سرکار کی طرف سے تمام ممکنہ تعاون کا یقین دلایا۔x

## Gold- Silver

بھارتی صرافہ بازار میں 24 کیریٹ سونے کی قیمت صفر اعشاریہ 8 فیصد بڑھ کر 81 ہزار 370 روپے فی 10 گرام رہی۔ وہیں اب سے کچھ دیر پہلے چاندی 999-Fine کی قیمت قریب ایک فیصد کے اضافے کے ساتھ 93 ہزار 60 روپے فی کلوگرام رہی۔ x

## ISRAEL- HAMAS EXCHANGE

فلسطینی گروپوں اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کے معاہدے کے تحت یرغمالیوں اور قیدیوں کے تبادلے کے تیسرے مرحلے میں تین اسرائیلی اور پانچ تھائی شہریوں سمیت مزیدآٹھ یرغمالیوں کو رہا کیا گیا۔

جنگ بندی کے اس معاہدے کا مقصد خطے میں تنازعہ کو کم کرنا ہے۔ جب یرغمالی جنوبی غزہ کے خان یونس میں Red Cross کی گاڑی کی جانب بڑھ رہے تھے تب وہاں کافی بھیڑ جمع ہوگئی تھی۔ دریں اثناء، اسرائیلی حکام نے اُن 110 فلسطینی قیدیوں کی رہائی میں تاخیر کی ہے جنہیں اِس معاہدے کے حصے کے طور پر رہا کیا جانا تھا۔ اسرائیلی حکام کا کہنا ہے کہ جنوبی غزہ میں یرغمالیوں کی حوالگی کے دوران افرا تفری کے یہ مناظر ناقابل قبول ہیں۔

مصری اہلکار نے بتایا کہ قیدیوں کو اب بعد میں رات کو رہا کیا جائے گا۔جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی کے جاری معاہدے کے پہلے مرحلے میں، 7 اکتوبر 2023 کے حملوں میں حماس اور دیگر مسلح گروپوں کے ہاتھوں یرغمال بنائے گئے کُل 33 اسرائیلی یرغمالیوں کو رہا کیا جانا ہے۔x

## ***Badminton Thailand Masters***

بیڈمنٹن میں، عالمی چمپئن شپس میں تمغہ جیتنے والے کدامبی سری کانت اور شنکر سبرامنین آج تھائی لینڈ کے بینکاک میں جاری تھائی لینڈ ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز مقابلے کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ عالمی نمبر 47 کھلاڑی سری کانت نے دو مسلسل مقابلوں میں ہانگ کانگ کے Jason Gunawan کو اکیس-پندرہ، اکیس-اُنیس سے ہرادیا۔

سبرامنین نے انڈونیشیا کے کھلاڑی Chico Aureswi کو اکیس-سترہ، اکیس-دس، نو-اکیس سے ہرایا۔x

## ***US Plane Crash***

امریکہ میں، امریکی ایئر لائن کے طیارے اور ایک بلیک Hawk ہیلی کاپٹر کے فضا میں آپس میں ایک دوسرے سے ٹکرانے سے ہوئے حادثے میں 28 افراد کی لاشیں، واشنگٹن ڈی سی کی برف سے جمی Potomac ندی سے برآمد کی گئیں۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب 60 مسافروں اور عملے کے چار افراد کو لے جا رہا مسافر بردار طیارہ رونالڈ ریگن نیشنل ایئر پورٹ پر اترنے والا تھا۔ وہیں ہیلی کاپٹر میں 3 فوجی سوار تھے۔ حادثے کے بعد ہوائی جہاز اور ہیلی کاپٹر، دونوں Potomac ندی میں جا گرے۔ فائر اور ایمرجنسی میڈیکل خدمات کے سربراہ John A. Donnelly نے بتایا کہ حادثے کے بعد کسی کے زندہ بچنے کا امکان نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ اب بچاؤ کارروائی کو بازیابی آپریشن میں تبدیل کر رہے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆